ابتدائی جائزہ کا طریقہ کار
(Baseline Assessment)

PEHLA QADAM NCHD

اقداماتِ جائزہ:

1- جائزہ کار لرنرز کو ابتدائی جائزہ فارم دے اور اسکو پنسل بھی فراہم کرے اور کہے آیئے آج پڑھنا لکھنا سیکھتے ہیں۔

2- اُسے درست طریقے سے پنسل پکڑنے، کاغذ کو سیدھا پکڑنے اور سامنے رکھنے میں مدد کرے۔

3- جائزہ کار فارم میں دیئے گئے بڑے خالی خانے کی طرف اشارہ کر کے لرنر کو واضح کرے کہ یہاں لکھنا ہے۔

4- حسبِ ضرورت اس جائزہ فارم کی پشت پر بھی لکھوایا جا سکتا ہے۔

5- جائزہ کار حروفِ تہجی کی مکمل اشکال کو خالی صفحے پر لکھے اور لرنرز کو لکھنے کو کہے۔

6- اب دوبارہ خالی صفحے پر حروف تہجی لکھے اور لرنرز کو لکھنے کی ترغیب دے اور اسکی حوصلہ افزائی کرے۔(ا، ب، ج، د،)وغیرہ

7- چار حرفی الفاظ جیسے چاچا، تایا، نانا، طوطا، حاجی وغیرہ کو خالی صفحے پر لکھے اور لرنر سے پڑھوائے۔

8- اب اُسی صفحہ کو بند کر کے لرنر سے چار حرفی الفاظ کی املاء کروائے۔

9- سادہ آسان عبارت خالی صفحے پر لکھے مثلاً چاچا بولا تالالا۔ بانو باغ میں جا رہی ہے۔ وہ کھانا کھاتے ہیں۔
مجھے پڑھنا لکھنا آتا ہے۔ لرنر سے پڑھوائے۔

10- خالی صفحہ کو بند کر کے سادہ آسان عبارت کی املاء کروائے۔

11- لرنر سے سادہ گنتی لکھوائے 12, 18, 23, 38 وغیرہ۔

12- دو اعداد تک بغیر حاصل کے جمع اور تفریق کروائے جیسے۔

47 - 34	33 - 16	57 + 32	11 + 15

13- آخر میں لرنر کو اپنا نام لکھنے کو کہے اگر وہ نام نہ لکھ سکے تو بعد میں خود اُسکا نام لکھ دے تاکہ جائزہ فارم کی شناخت کرنے میں آسانی ہو۔

اہم نوٹ:

1- جائزہ میں دیئے گئے Indicators نمبر 7 تا 10 میں کامیابی حاصل کرنے والے خواندہ افراد ہوں گے۔

2- جائزہ کار نا خواندہ افراد کو پڑھانے کا وقت تعین کرے۔ تاکہ اسی وقت میں لرنر کو پڑھائے۔

3- لرنر اپنے شناختی کارڈ یا ب فارم کی فوٹو کاپی ابتدائی جائزہ فارم کے ساتھ منسلک کرے۔

ایک کو پڑھائے ایک
(Each One Teach One)